**14-04-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

۱۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے لوک سبھا چناؤ کے لئے اپنا منشور سنکلپ پتر جاری کیا جس میں پی ایم غریب کلیان اَن یوجنا کے تحت اگلے پانچ سال مفت راشن کی فراہمی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔

۲۔ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بی جے پی کا انتخابی منشور ایک غیر کارکرد بینک کے چک کی طرح ہے۔

۳۔ دستور کے معمار ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو ان کے 134 ویں یوم پیدائش کے موقع پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

اور

۴۔ تلنگانہ کے بلدی نظم و نسق اور شہری ترقی محکمہ کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور نے عہدیداروں کو خبردار کیا ہے کہ اگر پانی کی سپلائی متاثر ہوئی تو کارروائی کی جائے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے بلدی نظم و نسق اور شہری ترقی محکمہ کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور نے عہدیداروں کو خبردار کیا ہے کہ اگر پانی کی سپلائی متاثر ہوئی تو کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے آج ایک جائزہ اجلاس میں عہدیداروں سے کہا کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے کہ حیدرآباد شہر میں پینے کے پانی کی سپلائی میں کوئی خلل نہیں ہونا چاہیئے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ٹینکر کی بکنگ اور ڈیلوری، لائن مین کی کارکردگی اور پانی کی سپلائی سے متعلق دوسرے اہم مسائل پر بھی بات چیت کی۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ زمینی سطح پر کام کرنے والی لائن مین کی نگرانی کریں۔ انہوں نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ وہ پانی کی سپلائی اور معیار میں رکاوٹوں کے لئے ذمہ دار عملہ کو معطل کریں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ شہر میں استعمال کے لئے دو پانی کے ذخیروں سے 20 بلین لیٹر اضافی پانی حاصل کریں۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ میر عالم اور آصف نگر میں فلٹر بیڈ کے مرمتی کام کرائیں تاکہ مستقبل کی پانی کی ضرورتوں کو یقینی بنانے کے لئے ان کی 100 فیصد گنجائش کے مطابق کام کیا جاسکے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ پانی کا محکمہ ٹینکر بکنگ کے سلسلہ میں بہتری کرے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اضافی فیلنگ اسٹیشن اور پوئنٹس قائم کریں تاکہ ضرورتمند علاقوں میں ضرورتوں سے نمٹا جاسکے۔

☆☆☆

اے آئی سی سی جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال حیدرآباد پہنچ رہے ہیں جو آج شام آنے والے لوک سبھا چناؤ کے لئے تیاریوں کے سلسلہ میں پارٹی کی ایک اہم میٹنگ کی صدارت کرسکیں۔ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اور تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اے ریونت ریڈی، اے آئی سی سی کی ریاستی انچارج دیپا داس منشی، ریاستی وزیر اور دوسرے اہم لیڈرس اس اجلاس میں شرکت کریں گے۔ وہ اے آئی سی سی سکریٹریز، لوک سبھا حلقوں کے انچارج اور ان پارٹی امیدواروں سے ملاقات کریں گے جن کے ناموں کا اعلان کیا جاچکا ہے۔ کانگریس نے اب تک ریاست میں 14 لوک سبھا نشستوں کے لئے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے۔ کئی دعویداروں سمیت مختلف وجوہات کی بناء پر کھمم، کریم نگر اور ورنگل نشستوں کے لئے امیدواروں کے اعلان میں دیر ہورہی ہے۔

☆☆☆

انڈین ایرلائن کمپنیاں امکان ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتے ہوئے تناؤ کے بیچ اسرائیل کے تل ابیب کو آنے اور جانے والی اڑانوں کو معطل کرنے کا اعلان کریں گے۔ دو ہندوستانی ایرلائنس ایر انڈیا اور وستارا نے ایران کی ہوائی حدود کو ٹالنے اور یوروپ اور امریکہ جانے والی پروازوں کے لئے لمبی راستے اختیار کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ مسافروں اور ارکانِ عملہ کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆☆☆

بھارتیہ جنتا پارٹی نے آج نئی دہلی کے پارٹی ہیڈ کوارٹر میں آنے والے لوک سبھا الیکشن کے لئے اپنا منشور جاری کیا جسے سنکلپ پتر کا نام دیا گیا۔ سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں اسے جاری کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی صدر جے پی نڈا اور دوسرے سینئر لیڈرس راج ناتھ سنگھ، امیت شاہ اور نرملا سیتارامن موجود تھے۔ سنکلپ پتر میں بی جے پی نے اگلے پانچ سال پی ایم غریب کلیان اَن یوجنا کے تحت مفت راشن کی فراہمی جاری رکھنے اور

بزرگ شہریوں کے لئے آیوشمان بھارت یوجنا میں توسیع کا وعدہ کیا۔منشور میں دیہی عورتوں کو بااختیار بناتے ہوئے تین کروڑ لگ پتی دیدیوں کو تیار کرنے کے علاوہ پی ایم سوریہ گھر یوجنا کے تحت بجلی کے بلز کو صفر کرنے کا وعدہ کیا۔ پارٹی نے یہ بھی کہا کہ یکساں سیول کورٹ، ایک ملک ایک چناؤ، واحد ووٹر لسٹ پر عمل کیا جائے گا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ سنکلپ پتر نوجوانوں، عورتوں، کسانوں اور غریبوں کو بااختیار بنائے گا جو ملک کو ترقی یافتہ بنانے اپنا کردار ادا کریں گے۔

☆☆☆

عوام نے آج دستورِ ہند کے معمار اور بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو ان کے 134 ویں یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر پورے تلنگانہ میں کئی تقریبات رکھی گئیں۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے ٹینک بینڈ پر ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔ریاستی وزیر آئی وصنعت سری دھر بابو نے پدا پلی ٹاؤن کے منتھنی میں ڈاکٹر امبیڈکر کو گلہائے عقیدت پیش کیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت ریاست کے 119 اسمبلی حلقوں میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر نالج سنٹر قائم کرنے کے خیال پر عمل کرے گی تاکہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہوسکے۔سینئر پی سی سی نائب صدر کمار راؤ نے گاندھی بھون میں امبیڈکر کی تصویر پر پھول چڑھائے۔بی جے پی قائدین بشمول راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے نامپلی میں پارٹی کے ریاستی دفتر میں امبیڈکر کے پوٹریٹ کو پھول پہنائے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ و بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے بی جے پی حکومت کی طرف سے پچھلے دس سال میں تلنگانہ سے کی گئی ناانصافی کے خلاف کریمنگر ڈی سی سی آفیس میں احتجاج کیا۔کریم نگر ڈی سی سی کے صدر مناکندور کے رکن اسمبلی کے ستیہ نارائنا، گورنمنٹ وہپ اے سرینواس اور دوسرے کانگریس قائدین اور عوامی نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔احتجاج دن کے 11 بجے شروع ہوا اور دو بجے ختم ہوا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پونم پربھاکر نے بنڈی سنجے سے سوال کیا کہ پچھلے دس برسوں میں بی جے پی نے کیا کیا ہے۔انہوں نے کانگریس کی ضمانتوں کے بارے میں بھی ان سے سوال کیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں کانگریس حکومت کے صرف چار مہینے ہوئے ہیں اور وہ تلنگانہ کے عوام کو کارکردگی کے بارے میں بتارہے ہیں۔انہوں نے پچھلے دس برسوں کے دوران تلنگانہ سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں بی جے پی کی ناکامی کے بارے میں سوال کئے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف ضلعوں میں امبیڈکر جینتی منائی گئی۔میدک میں وزیروں اور ضلع کلکٹرس نے ان کے مجسموں اور پوٹریٹ کی گلپوشی کی۔ضلع شیڈول کاسٹ ڈیولپمنٹ محکمہ نے ایک پروگرام رکھا جس میں کلکٹر راہول راج نے ڈاکٹر امبیڈکر کی تصویر پر پھول چڑھائے۔گورنمنٹ وہپ اور ویملواڑہ کے رکن اسمبلی اے سرینواس نے راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ ٹاؤن میں امبیڈکر کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔ضلع کلکٹر انوراج جینتی نے بھی خراجِ عقیدت پیش کیا۔منچریال ضلع کے کلکٹر بی سنتوش، رکن اسمبلی پریم ساگر راؤ نے ضلع ہیڈکوارٹرس میں امبیڈکر چوک پر امبیڈکر کے مجسمہ کی گلپوشی کی۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سنکلپ یاترا کے نام سے بی جے پی کی طرف سے جاری منشور کسی غیر کارکرد بینک کے چک کی طرح ہے۔انہوں نے ایکس پر لکھا کہ 2004ء میں بی جے پی کے انڈیا شائننگ کا نعرہ اب وکست بھارت میں بدل دیا گیا ہے لیکن اس وقت سونیا گاندھی کی قیادت میں عوام نے بی جے پی کو رد کردیا تھا اور اب بھی راہول گاندھی کی قیادت میں عوام اس پارٹی کو شکست دیں گے جو دو میعادوں سے ناکام رہی ہے۔

☆☆☆

سالانہ شری امرناتھ یاترا کے لئے اڈوانس رجسٹریشن ملک کے مختلف بینکوں کی تقریباً 540 شاخوں پر شروع ہوگا۔اس سال امرناتھ یاترا 29 جون سے شروع ہوگی اور 19 اگست کو ختم ہوگی۔

☆☆☆

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کھمم میں کانگریس پارٹی کے دفتر میں امبیڈکر کے مجسمہ پر پھول چڑھاتے ہوئے خراج عقیدت پیش کیا۔ مرکزی وزیر اور تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے حیدرآباد کے ٹینک بینڈ پر حیدرآباد میں امبیڈکر کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ تمام سرکاری اور خانگی دفاتر اور کانگریس، بی جے پی اور بی آر ایس سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے دفتروں پر بھی تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔

☆☆☆

وجئے واڑی سنگھ نگر پولیس نے کل رات وجئے واڑہ میں انتخابی مہم کے دوران آندھراپردیش کے چیف منسٹر جگن موہن ریڈی پر حملہ کے سلسلہ میں ایک کیس درج کیا ہے۔ وجئے واڑہ ویسٹ حلقہ کے وائی ایس آر سی پی رکن اسمبلی ویلم پلی سرینواس کی شکایت پر کیس درج کیا گیا۔ خصوصی ٹیمیں فی الحال ملزم کی تلاش کررہی ہیں۔ اے سی پی سطح کے عہدیداروں کی قیادت میں چھ خصوصی ٹیمیں تحقیقات کے لئے مقرر کی گئی ہیں۔ جگن پر حملہ کے لئے ایک کیس دھاری چیز کا استعمال کیا گیا جس سے ان کی بائیں آنکھ کا اپری حصہ زخمی ہوگیا جب عوام کے جوش وخروش کا جواب دے رہے تھے۔ اس دوران مرکزی الیکشن کمیشن نے آندھراپردیش حکومت سے کہا ہے کہ وہ اس واقعہ کے بارے میں تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔

☆☆☆

تلنگانہ میں سیاسی جماعتیں لوک سبھا چناؤ کے لئے نامزدگیاں داخل کرنے کی تیاری کررہی ہیں۔ اعلامیہ اس ماہ کی 18 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور نامزدگیاں 18 سے 25 تاریخ تک داخل کی جاسکتی ہیں۔ نامزدگیوں کی جانچ 26 تاریخ کو ہوگی اور نام واپس لینے کی آخری تاریخ 29 اپریل ہے۔ تمام تین بڑی سیاسی جماعتیں کانگریس، بی آر ایس اور بی جے پی 17 نشستوں پر مقابلہ کررہی ہے۔ بی جے پی اور بی آر ایس نے تمام 17 نشستوں کے لئے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے۔ کانگریس نے اب تک 14 نشستوں کے لئے امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ باقی امیدواروں کو ایک دو دن میں قطعیت دی جائے گی۔